سید محمد کفیل بخاری کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

* مدیر ماہنامہ نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری نے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں ملتان کے درج ذیل مقامات پر ختم قرآن کریم کی تقاریب سے خطاب کیا۔ جامع مسجد الفردوس وہاڑی روڈ، عثمان بال، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، مدنی مسجد محلہ رحیم آباد، چاہ کوڑے والا، مسجد اللہ اکبر معصوم شاہ روڈ، مجد نور تغلق روڈ اور مسجد ابوسفیان بستی سیالاں۔ علاوہ ازیں چیچہ وطنی اور کراچی کا تنظیمی دورہ بھی کیا اور کراچی میں مختلف احباب سے ملاقات کے علاوہ جامع مسجد سیدہ عائشہؓ اور جامع مسجد عثمانیہ میں اجتماعات سے خطاب کیا۔

۲۶، جنوری کو "وھوا" تحصیل تونسہ میں عزیزم حافظ محمد ضیاء اللہ (مدرس مدرسہ محمودیہ ناگڑیاں) کی تقریب نکاح میں شرکت اور اجتماع سے خطاب۔ ۲۷ جنوری کو "لکرہ" نزد جھوک بودو تحصیل تونسہ میں جامعہ سیدنا معاویہؓ کے افتتاح کے موقع پر جلسہ عام سے خطاب کیا۔ اس دورہ میں حافظ مولوی محمد اکمل، حافظ محمد یٰسین اور حافظ محمد عنایت اللہ آپ کے ہمراہ تھے۔ اس اجتماع میں علاقہ تحصیل تونسہ اور مختلف بستیوں سے کثیر تعداد میں احرار کارکنوں اور عوام نے شرکت کی۔

ابو معاویہ (کراچی)

◆ صدیقہ کائنات سیدہ عائشہؓ اسلام اور امت مسلمہ کی محسنہ ہیں۔

خواتین کے حقوق کا تعین اور ان کے بے شمار مسائل کا حل آپ کے ذریعہ ہوا۔

◆ سیدہ عائشہ صدیقہ علوم نبوت کی سب سے بڑی معلمہ اور مبلغہ ہیں۔

کراچی میں ام المؤمنین کانفرنس سے سید محمد کفیل بخاری، مولانا عبدالرشید انصاری، مولانا اکرام الحق خیری اور اقبال احمد صدیقی کا خطاب

ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے مدیر سید محمد کفیل بخاری ۱۶، رمضان المبارک ۱۴۱۹ھ مطابق ۵، جنوری ۱۹۹۹ء کو پانچ روزہ تنظیمی دورہ پر کراچی پہنچے۔ نقیب ختم نبوت کے مستقل قلمی معاون اور ممتاز شاعر جناب سید کاشف گیلانی آپ کے میزبان تھے۔ چار روز انہی کے ہاں قیام رہا اور انہوں نے اپنی انتہائی مصروفیات میں سے بخاری صاحب کے لئے وقت نکالا۔ اور میزبانی کا حق ادا کر دیا۔

۱۷، رمضان المبارک کو تحریک انصار الاسلام کے زیر اہتمام نویں سالانہ عظمت ام المؤمنین کانفرنس مسجد سیدہ عائشہ صدیقہ سیکٹر ۱۱ بی نارتھ کراچی میں منعقد ہوئی۔ جناب سید کفیل بخاری، محترم مولانا عبدالرشید انصاری اور مولانا اکرام الحق خیری کی دعوت پر یہاں تشریف لائے اور بعد عصر تا افطار سیدہ ام

المومنین رضی اللہ عنہا کے فضائل و مناقب کے موضوع پر خطاب کیا۔ کانفرنس کی صدارت ممتاز سیرت نگار جناب اقبال احمد صدیقی نے فرمائی۔ کانفرنس سے مولانا عبدالرشید انصاری، مولانا اکرام الحق خیری اور جناب اقبال احمد صدیقی نے خطاب کیا۔ مجلس احرار اسلام کراچی کے صدر جناب شفیع الرحمن، جناب محمود احمد، جناب قاری علی شیر، جناب سید کاشف گیلانی اور دیگر احرار کارکن بھی اجتماع میں موجود تھے۔ جناب شفیع الرحمن نے مجلس احرار اسلام کے منشور اور اغراض و مقاصد کے نعروں پر مشتمل بینروں سے اجتماع گاہ کو سجادیا تھا۔ مہمان خصوصی جناب سید کفیل بخاری نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ ام المومنین، صدیقہ کائنات سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اسلام اور امت مسلمہ کی محسنہ ہیں۔ اسلام میں خواتین کا مقام و مرتبہ اور خواتین کے مسائل کا دینی حل سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا امت مسلمہ کو عطیہ ہے۔ احادیث کا بہت بڑا ذخیرہ حضرت سیدہ ہی کی روایات سے محفوظ ہے۔

مولانا عبدالرشید انصاری نے کہا کہ معذوروں کے لئے وضو کی بجائے تیمم کا حکم سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی بدولت ہی امت کو ملا۔ نبی علیہ السلام نے سیدہ عائشہؓ کے حجرہ کو ہی قیامت تک اپنا مسکن بنایا اور تمام امہات المومنین پر آپ کو فضیلت بخشی۔

مولانا اکرام الحق خیری نے کہا کہ سیدہ عائشہ صدیقہ علوم نبوت کی سب سے بڑی معلمہ اور مبلغہ ہیں۔ جناب اقبال احمد صدیقی نے کہا کہ جب بھی امت پر کوئی مشکل پڑی تو سیدہ عائشہ صدیقہ نے ہی اس مشکل گھڑی میں رہنمائی فرمائی۔ بڑے بڑے صحابہ کرام بھی آپ کے فتویٰ اور فیصلے کو قبول کرتے۔

◆ یہود و نصاریٰ کا فیصلہ ہے کہ مسلمانوں کو اعتقادی اور عملی طور پر اسلام سے دور کر دیا جائے

◆ اسلام نے تمام انسانی مسائل کا مکمل حل پیش کیا ہے۔

◆ پاکستان کی بقا اور امن صرف نفاذ اسلام میں مضمر ہے۔ (سید محمد کفیل بخاری)

جامع مسجد عثمانیہ بفرزون کے خطیب مولانا چراغ الاسلام کی دعوت پر مدیر نقیب ختم نبوت جناب سید محمد کفیل بخاری نے ۱۹، رمضان المبارک کو جامع مسجد عثمانیہ میں خطبہ جمعہ دیا۔ آپ نے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا کے یہود و نصاریٰ میڈیا کے ذریعے مسلمانوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ ان کا فیصلہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو اعتقادی اور عملی طور پر اسلام سے دور کر دیا جائے اور حقیقی مسلمان نہ رہنے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بقا اور امن صرف نفاذ اسلام میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ ص ۵۵ پر